GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

رائے عامہ سروے

## ہسٹری پولز

# امن قائم کرنے والی تنظیم کی حیثیت سے اقوام متحدہ کی حمایت کرنے والوں کی شرح میں 6% اضافہ ہوا ہے، 1985 میں حمایت کرنے والوں کی شرح 8% تھی جو کہ 2022 میں بڑھ کر 14% ہو گئی ہے۔

(گیلپ اور گیلانی پاکستان ہسٹری پروجیکٹ)،

(اسلام آباد، 02 اگست، 2022


سال 1985 میں کیئے گئے گیلپ اینڈ گیلانی پاکستان نیشنل سروے میں پاکستان بھر سے شماریاتی طور پر منتخب بالغ خواتین و حضرات سے مندرجہ ذیل سوال پوچھا گیا تھا کہ **" آپ کے خیال میں اقوام متحدہ دنیا میں امن قائم کرنے میں کس حد تک کامیاب ہوا ہے؟ "**۔اس سوال کے جواب میں،8%جوابدہندگان کا کہنا تھا کہ اقوام متحدہ دنیا میں امن قائم کرنے میں بہت کامیاب ہوا ہے ، 33%جوابدہندگان کا کہنا تھا کہ اقوام متحدہ دنیا میں امن قائم کرنے میں معمولی کامیاب ہوا ہے ،40%جوابدہندگان کا کہنا تھا کہ اقوام متحدہ دنیا میں امن قائم کرنے میں بالکل کامیاب نہیں ہوا ہے ، جبکہ 19% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا تھا۔

**نتائج کا موازنہ:** یہ سوال 2022 میں دوبارہ پوچھا گیا تاکہ گزشتہ سالوں کے نتائج سے موازنہ کیا جا سکے۔2022 میں اس سوال کے جواب میں،14%جوابدہندگان کے مطابق اقوام متحدہ دنیا میں امن قائم کرنے میں بہت کامیاب ہوا ہے ، 24% کے مطابق اقوام متحدہ دنیا میں امن قائم کرنے میں معمولی کامیاب ہوا ہے ،29%جوابدہندگان کے مطابق اقوام متحدہ دنیا میں امن قائم کرنے میں بالکل کامیاب نہیں ہوا ہے ، جبکہ 33% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**گزشتہ سالوں کے نتائج کا موازنہ:** امن قائم کرنے والی تنظیم کی حیثیت سے اقوام متحدہ کی حمایت کرنے والوں کی شرح میں 6% اضافہ ہوا ہے، 1985 میں حمایت کرنے والوں کی شرح 8% تھی جو کہ 2022 میں بڑھ کر 14% ہو گئی ہے ۔تاہم ، وہ جوابدہندگان جو اقوام متحدہ کو دنیا میں امن قائم کرنے میں معمولی کامیاب سمجھتے ہیں کی شرح میں کمی آئی ہے، 1985 میں اس حوالے سے شرح 33% تھی جو 2022 میں کم ہو کر 24% ہو گئی ہے۔

اس پریس ریلیز کو گیلپ پاکستان کے تاریخی پراجیکٹ کے حصّے کے طور پر تشکیل دیا گیا ہے جس کا مقصد تاریخی تجرباتی اعداد وشمار کو وسیع تر سامعین تک پہنچانا ہے۔مزید یہ کہ اس کا مقصد پاکستان میں عملی طور پر کی جانے والی فیصلہ سازی کو برقرار رکھنا اور اس کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔

**" آپ کے خیال میں اقوام متحدہ دنیا میں امن قائم کرنے میں کس حد تک کامیاب ہوا ہے؟ "**



## گیلپ پاکستان ہسٹری پروجیکٹ کا مقصد اور وجوہات:

بلال آئی گیلانی جو گیلپ پاکستان میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور گیلپ پاکستان ہسٹری پروجیکٹ کے ڈائریکٹر ہیں، اس پروجیکٹ کے مقصد کی وضاحت اس طرح کرتے ہیں: "گیلپ پاکستان 1979 (گذشتہ 40 سال) سے پاکستان میں سروے کر رہا ہے۔ اُس وقت سے لیکر گیلپ کے ہزاروں انٹرویورز نے اب تک لاکھوں کے قریب جوابدہندگان سے سروے کیے ہیں۔ 2014 میں، گیلپ پاکستان نے اپنے ماضی سے تعلق رکھنے والے اعداد وشمار نشر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کے تاریخی پروجیکٹ کا حصہ ہے۔ یہ تمام کوشش اُن افراد کے لیے وقف کی گئی ہیں جو پاکستان کے مسائل کو عملی طور پر سمجھنا چاہتے ہیں"۔ گیلپ پاکستان کے تاریخی پروجیکٹ کی مزید معلومات کے لیے، رابطہ کریں caf@gallup.com.pk

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, August 02, 2022**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2022

celebrating
42
years
of Gallup Pakistan
(1980-2022)